# حیسکو پریس رلیز مورخہ :15.09.2026

## ﴿رین ایمرجنسی﴾

## جان ہے تو جہان ہے اس لیے تمام ملازمین اور صارفین حفاظتی تدابیر پر مکمل عمل کو یقینی بنائیں تاکہ کسی بھی ممکنہ جانی و مالی ممکنہ حادثے سے محفوظ رہا جا سکے

پری مون سون کی بارشوں کا سلسلہ جاری ہے جس کی وجہ سے حیسکو انتظامیہ کی عوام سے بجلی کی تنصیبات سے دور رہنے کی اپیل۔انسانی جان بہت قیمتی ہے،اس لیئے جان کی حفاظت ضروری ہے، بارشوں میں بجلی کے پولوں،تاروں و دیگر تنصیبات سے دور رہیں۔عوام سے اپیل ہے کہ بارش کے موسم میں گیلے جسم کو بجلی کی تنصیبات سے دور رکھیں، کیونکہ اس میں برقی رو ہوتی ہے اور کرنٹ لگنے کا خدشا ہے جس سے جانی نقصان ہوسکتا ہے۔حیسکو انتظامیہ نے "رین ایمرجنسی" نافظ کر کے تمام ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کر دی ہیں۔

حیدرآباد(پ ر)حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات پر محکمہ موسمیات کی جانب سے پری مون سون اور مون سون بارشوں کے جاری کردہ الرٹ کے پیشِ نظر حیسکو ریجن میں رین ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ہے،تاہم 15 اور 16 ستمبر کے دوران کراچی،ٹھٹھہ،بدین،میر پور خاص،تھر پارکر،عمر کوٹ،سکھر،لاڑکانہ اور جیکب آباد سمیت مختلف اضلاع میں بارش،تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش جبکہ بعض مقامات پر موسلا دھار بارش بھی متوقع ہے۔اس صورتحال کے پیشِ نظر حیسکو کے تمام فیلڈ افسران اور عملے کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں تا کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں بجلی کی فراہمی کی بروقت بحالی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔حیسکو انتظامیہ معزز صارفین اور عوام الناس سے اپیل کرتی ہے کہ بارش کے دوران بجلی کے کھمبوں،تاروں،ٹرانسفارمرز اور دیگر برقی تنصیبات سے محفوظ فاصلہ برقرار رکھیں۔گیلے ہاتھوں یا گیلے جسم کے ساتھ کسی بھی برقی آلے یا تنصیب کو ہرگز ہاتھ نہ لگائیں، کیونکہ اس سے کرنٹ لگنے اور جانی نقصان کا شدید خطرہ ہوتا ہے۔اسی طرح بچوں اور مال مویشی کو بھی بجلی کی تنصیبات سے دور رکھا جائے۔اگر کسی علاقے میں فنی خرابی،بجلی کی تار گرنے،درخت یا سائن بورڈ گرنے یا کسی اور وجہ سے بجلی کی فراہمی متاثر ہو جائے تو فوری طور پر حیسکو کو اطلاع دیں،تا کہ احتیاطاً بجلی کی سپلائی بند کر کے کسی بھی ممکنہ حادثے سے بچا جا سکے۔حیسکو کی آپریشن اور فنی ٹیمیں بارشوں کے دوران اور بعد ازاں مسلسل پیٹرولنگ،نگرانی اور مرمتی کام انجام دے رہی ہیں،جبکہ موسلا دھار بارش رکتے ہی متاثرہ علاقوں میں بجلی کی بحالی کے لیے فوری کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔حیسکو انتظامیہ میڈیا نمائندگان،تاجر برادری،سیاسی و سماجی شخصیات اور عوام الناس سے بھی اپیل کرتی ہے کہ وہ حفاظتی تدابیر سے متعلق آگاہی پھیلانے میں حیسکو کا بھرپور ساتھ دیں۔عوام سے گزارش ہے کہ احتیاطی تدابیر پر عمل کریں،غیر ضروری طور پر بجلی کی تنصیبات کے قریب نہ جائیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال کی فوری اطلاع حیسکو کو دیں تا کہ ممکنہ حادثات سے محفوظ رہا جا سکے۔